
# گھریلو آمدنی، مزدوری اور ترسیلات

پاکستانی گھرانوں کی آمدنی کا طریقہ آہستہ آہستہ بدل رہا ہے: 2018-19 سے 2024-25 کے دوران ، قومی شطح پر کل گھریلو آمدنی میں غیر ملکی ترسیلاتِ کی شرح **5.0%** سے بڑھ کر **7.8%** ہو گئی ہے۔ دیہی علاقوں میں،غیر ملکی ترسیلات اب گھریلو آمدنی کا تقریباً **10%** حصہ بنتی ہیں




*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## بگ ڈیٹا کا تجزیہ

گھریلو آمدنی، مزدوری اور ترسیلات

**پاکستانی گھرانوں کی آمدنی کا طریقہ آہستہ آہستہ بدل رہا ہے: 2018-19 سے 2024-25 کے دوران، قومی سطح پر کل گھریلو آمدنی میں غیر ملکی ترسیلات کی شرح 5.0% سے بڑھ کر 7.8% ہو گئی ہے۔ دیہی علاقوں میں، غیر ملکی ترسیلات اب گھریلو آمدنی کا تقریباً 10% حصہ بنتی ہیں: گیلپ پاکستان کی تجزیاتی رپورٹ جاری۔**

(اسلام آباد)، 21 جنوری 2026


پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس (PBS) کی جانب سے 2024–25 کے ہاؤس ہولڈ انٹیگریٹڈ اکنامک سروے (HIES) کے ذریعے جاری ہونے والے نئے ڈیٹا سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ پاکستانی گھریلو آمدنی کے ذرائع میں کچھ اہم تبدیلیاں آئی ہیں۔

وسیع پیمانے پر، تنخواہیں اور مزدوری گھریلو آمدنی کی ریڑھ کی ہڈی ہیں۔ 2024-25 میں، شہری گھرانوں کی آمدنی کا تقریباً نصف اور قومی سطح پر 40% سے زائد حصّہ محنت مزدوری کر کے کمائی جانے والی آمدنی پر مشتمل ہے، جو کہ 2018-19 کی نسبت تھوڑی سی بڑھ چکی ہے۔ یہ اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ پاکستان کی معیشت اب بھی تنخواہ دار نوکری/روزگار پر انحصار کرتی ہے — خاص طور پر شہری علاقوں میں۔ غیر زرعی سرگرمیوں میں بھی معمولی اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، جو خدمات، غیر رسمی/مقامی کاروبار اور کھیتوں سے باہر کام کرنے کی بتدریج بڑھتی ہوئی اہمیت کو ظاہر کرتا ہے۔ اس کے برعکس، زرعی آمدنی کے ذرائع (فصلوں کی پیداوار اور مویشی پالنا) دیہی زندگی کے لئے اب بھی اہم ہیں لیکن ان کی شرح کم ہوتی جا رہی ہے، جو ساختی تبدیلی اور زرعی آمدنی پر بڑھتے ہوئے دباؤ کو ظاہر کرتا ہے۔

تاہم سب سے اہم تبدیلی غیر ملکی ترسیلات میں اضافہ ہے۔ 2018-19 اور 2024-25 کے دوران:

- قومی سطح پر کل گھریلو آمدنی میں غیر ملکی ترسیلات کی شرح 5.0% سے بڑھ کر 7.8% ہو گئی ہے۔
- دیہی علاقوں میں، غیر ملکی ترسیلات اب گھریلو آمدنی کا تقریباً 10% حصہ بنتی ہیں۔
- گھریلو ترسیلات میں بھی اضافہ ہوا ہے، جو اندرونی نقل مکانی کے بڑھتے ہوئے کردار کو ظاہر کرتی ہیں۔

یہ تبدیلی اہم ہے۔ جب حقیقی قوت خرید کمزور ہو چکی ہے اور گھریلو آمدنیوں پر دباؤ بڑھ رہا ہے، ترسیلات گھریلو فلاح کے لیے تیزی سے ایک تحفظ کا کردار ادا کر رہی ہیں، خاص طور پر پاکستان کے دیہی علاقوں میں۔ یہ اب صرف اضافی نہیں رہیں، بلکہ بہت سے خاندانوں کے لیے اقتصادی بقا کا ایک اہم ستون بن چکی ہیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

یہ تجزیہ گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے جاری کیا گیا ہے۔ یہ سروے پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس (PBS) کے ہاؤس ہولڈ انٹیگریٹڈ اکنامک سروے (HIES) کے اعداد و شمار پر مبنی ہے جو ستمبر 2024 سے جون 2025 تک دوران گھریلو آمدنی کے اجزاء کو ظاہر کرتا ہے۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, 21st January 2026**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating
46
years
of Gallup Pakistan
(1980-2026)